**ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اورحق پرست امیدوارمخالفین کی اشتعال انگیز باتوں کا ہرگز جواب نہ دیں**

**اور 18 فروری کے انتخابات کو پرامن بنانے کیلئے اپنا ہرممکن مثبت کردارادا کریں۔الطاف حسین**

**کراچی کی شہری حکومت ان مسائل کوحل کرنے کیلئے کوشاں ہے جو 60 برسوں میں کسی حکومت نے حل نہیں کئے تھے**

**عوام کی مثالی خدمت پرسٹی ناظم مصطفیٰ کمال،تمام حق پرست نمائندوں اورسٹی گورنمنٹ کے تمام افسران واہلکاروں کوخراج تحسین**

**27 دسمبر کو بے نظیر بھٹوکی شہادت کے بعدتحریک کے سندھی بولنے والے ذمہ داروں اور ساتھیوں نے تمام ترمظالم**

**اورتکالیف کے باوجودمثالی صبروضبط کا مظاہرہ کیا**

**سب کو جینے کا حق ہے اورمتحدہ قومی موومنٹ کا پیغام یہ ہے کہ ملک میں ایسانظام ہو جہاں انصاف اورعزت سب کیلئے ہو**

**ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں اہم اجلاس سے خطاب،سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال اور تنظیمی عہدیداران کی شرکت**

لندن۔۔۔24 جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تحریک کے تمام ذمہ داروں، کارکنوں اورحق پرست امیدواروں سے کہا ہے کہ وہ عام انتخابات کے دوران بردباری اورتحمل مزاجی کا مظاہرہ کریں،مخالفین کی اشتعال انگیز باتوں کا ہرگز جواب نہ دیں بلکہ پرامن طریقہ سے عوام تک اپنا منشور پہنچائیں اور 18 فروری کے انتخابات کو پرامن بنانے کیلئے اپنا ہرممکن مثبت کردارادا کریں۔ وہ بدھ کومتحدہ قومی موومنٹ انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ایک اہم اجلاس سے خطاب کررہے تھے جس میں سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال اور پاکستان سے آئے ہوئے تنظیمی عہدیداران نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق،سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید،سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال، رابطہ کمیٹی کے اراکین سلیم شہزاد،محمدانور، آصف صدیقی،محمداشفاق، مصطفیٰ عزیزآبادی، اشفاق منگی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین نثار پہنور،سینیٹر ڈاکٹرمحمدعلی بروہی،ایم کیوایم لیبرڈویژن کے جوائنٹ انچارج سیدمظہرحسین ،ایم کیوایم الیکشن سیل کے رکن افتخار رندھاوااور سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی عارف صدیقی بھی موجود تھے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج کا اہم اجلاس کراچی کے سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال،ان کی پوری ٹیم ،ٹاؤن ناظمین ، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، یوسی نائب ناظمین،کونسلروں،سٹی گورنمنٹ کے تمام افسران اوراہلکاروں کوخراج تحسین پیش کرتا ہے کہ وہ شہراوراس کے عوام کی مثالی خدمت کررہے ہیں اوران مسائل کوحل کرنے کیلئے کوشاں ہیں جو 60 برسوں میں کسی حکومت نے حل نہیں کئے تھے۔انہوں نے دعا کی کہ عوام کی خدمت پراللہ تعالیٰ انہیں اس کا اجرعطا فرمائے اوراللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان کے اندرکبھی غرور وتکبرنہ آئے بلکہ یہ خودکوزمین پرخدا کا خادم سمجھتے ہوئے خلقِ خدا کی ہرممکن خدمت کریں۔انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پرشہرمیں جس طرح صفائی ستھرائی کے انتظامات کئے گئے تھے اورآلائشوں کوفوری طور پرٹھکانے لگایا گیااس پربھی سٹی ناظم،سٹی گورنمنٹ ،تمام بلدیاتی نمائندے اوران کے اہلکارمبارکباداورخراج تحسین کے مستحق ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ 27 دسمبرکومحترمہ بے نظیربھٹوکی شہادت کے بعدسندھ میں جوصورتحال پیداہوئی اس میں تحریک کے سندھی بولنے والے ذمہ داروں اورساتھیوں نے جس طرح برداشت کا مظاہرہ کیا اورہمت نہیں ہاری اس پرمیں اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے تمام اراکین،اندرون سندھ کے زونوں کے ذمہ داروں اورتمام کارکنوں کوزبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ تمام ترمظالم اورتکالیف برداشت کرتے ہوئے انہوں نے مثالی صبروضبط کا مظاہرہ کیااورثابت قدم رہے۔انہوں نے کہا کہ 27 دسمبر کے بعد ہونے والے واقعات میں دہشت گردوں کے ہاتھوں جولوگ جھلس کرشہیدہوگئے اللہ تعالیٰ انہیں جواررحمت میں جگہ عطا فرمائے اوران کے اہل خانہ کوصبرجمیل عطا کرے۔آمین۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں تحریک کے تمام شعبہ جات، ونگز،عہدیداروں اورکارکنوں کوہدایت کرتا ہوں کہ وہ صبروتحمل کے ساتھ عوام کی خدمت کریں اورمخالفین کی اشتعال انگیز باتوں کا ہرگز جواب نہ دیں بلکہ پرامن طریقہ سے اپنا منشورعوام تک پہنچائیں، پرامن طریقہ سے انتخابات میں حصہ لیں اور 18 فروری کے انتخابات کوپرامن بنانے کیلئے اپنا ہرممکن مثبت کردارادا کریں،گھرگھرجا کرعوام سے رابطہ کریں،کارنرمیٹنگز کریں اورعوام تک اپنا پیغام حق پرستی پہنچائیں،اللہ نے چاہاتو کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ ایک دن آئے گا جب متحدہ کا حق پرستی کا پیغام پورے ملک میں پھیلے گا،فتح حق پرستوں کی ہوگی،ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام کا خاتمہ ہوگا اور ملک پرعوام کی حکمرانی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے منشورکا بنیادی نکتہ ''اختیارسب کیلئے ہے'' کیونکہ سب کو جینے کا حق ہے اورمتحدہ قومی موومنٹ کا پیغام یہ ہے کہ دولت کونہیں بلکہ کرداروعمل کومعیار ہونا چاہیے اورملک میں ایسانظام ہو جہاں انصاف سب کیلئے ہو اورعزت سب کیلئے ہو۔اللہ تعالیٰ اس نیک مقصد میں ہماری مددفرمائے۔آمین۔

## حیدرآباد امن پسند عوام اور کرکٹ کے شائقین کا شہر ہے، ڈاکٹر عمران فاروق

## پاکستان اور زمبابوے کے مابین ون ڈے کرکٹ میچ کے انعقاد کیلئے بھرپور کاوشوں پر حق پرست نمائندگان، حیدرآباد کی مقامی انتظامیہ اور حیدرآباد کے ایک ایک فرد کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔24، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے ایک طویل عرصے بعد حیدرآباد میں پاکستان اور زمبابوے کے مابین ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ میچ کے انعقاد پر حیدرآباد کی انتظامیہ اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اور انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں ڈاکٹر عمران فاروق نے پاکستان کی کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر پاکستانی کرکٹ ٹیم کے تمام کھلاڑیوں اور ملک بھر کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ دس سال کے بعد حیدرآباد کے نیاز اسٹیڈیم میں پاکستان اور زمبابوے کے مابین کرکٹ میچ کا انعقاد حق پرست قیادت اور حیدرآباد کی ضلعی انتظامیہ کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں نیاز اسٹیڈیم کو کرکٹ میچ کیلئے نامناسب ثابت کرکے یہاں شادی کی تقریبات منعقد کی جانے لگی تھیں اور میدان کو کوڑے کا ڈھیر بنادیا گیا تھا لیکن حق پرست ضلعی قیادت نے شب وروز محنت کرکے نہ صرف نیاز اسٹیڈیم کی سابقہ حیثیت کو برقرار کیا بلکہ میدان کو صاف کرکے اس قابل بنادیا کہ یہاں انٹرنیشنل کرکٹ میچوں کا انعقاد یقینی ہوگیا اور اس کے ساتھ ساتھ حق پرست نمائندوں نے وفاقی سطح سمیت ہر سطح پر بھرپور جدوجہد کی کہ ملک کے دیگر شہروں کی طرح حیدرآباد میں بھی انٹرنیشنل میچ کا انعقاد کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کی ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور بچوں نے نیاز اسٹیڈیم میں ہونے والے کرکٹ میچ کو نہ صرف گہری دلچسپی سے دیکھا بلکہ شاندار کارکردگی پر دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کو خراج تحسین پیش کرکے دنیا بھر میں واضح کردیا ہے کہ حیدرآباد امن پسند عوام اور کرکٹ کے شائقین کا شہر ہے جس پر حیدرآباد شہر کے عوام زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ڈاکٹر عمران فاروق نے نیاز اسٹیڈیم میں کرکٹ میچ کے انعقاد کیلئے بھرپور کاوشوں پر حق پرست ضلع ناظم کنور نوید جمیل، نائب ضلع ناظم ظفر راجپوت، تعلقہ ناظمین، نائب ناظمین، حق پرست کونسلرز، حیدرآباد کی مقامی انتظامیہ اور حیدرآباد کے ایک ایک فرد کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## دہشت گرد عناصر ملک بھر میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنا چاہتے ہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔24، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صوبہ سرحد کے نگراں صوبائی وزیر صحت سید کمال شاہ پر قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ سرحد میں بم دھماکوں اور مخالفین پر قاتلانہ حملوں کے مسلسل واقعات ملک بھر کے امن پسند عوام کیلئے تشویش کا باعث ہیں۔گزشتہ روز بھی صوبہ سرحد کے علاقے مردان میں صوبہ سرحد کے نگراں صوبائی وزیر صحت سید کمال شاہ پر قاتلانہ حملہ اس بات کا ثبوت ہے کہ دہشت گرد عناصر مسلح دہشت گردیوں اور تخریبی کارروائیوں کے ذریعے ملک بھر میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنا چاہتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد میں خودکش حملوں، بم دھماکوں اور سیاسی مخالفین پر قاتلانہ حملوں کا نوٹس لیا جائے اور بے گناہ شہریوں کی جان ومال سے کھیلنے والے سفاک دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے نگراں صوبائی وزیر صحت سید کمال شاہ کے گن مین کے زخمی ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور ان کی جلد مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## کراچی ہاکی ایسوسی ایشن کے پانچ رکنی نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔23، جنوری 2008ء

کراچی ہاکی ایسوسی ایشن کے پانچ رکنی نمائندہ وفد نے جمعرات کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رکن رابطہ کمیٹی ڈاکٹر عاصم رضا سے ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔وفد کے ارکان میں ایسوسی ایشن کے نائب صدر اعجاز الدین، جوائنٹ سیکریٹری ڈاکٹر ایس اے ماجد، جاوید اقبال، کونسل ممبران قادر احمد اور طلعت محمود شامل تھے۔اس موقع پر عبدالحسیب نے وفد کی گذارشات کو غور سے سنا اور ایم کیو ایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## متحدہ قومی موومنٹ غریبوں کی نمائندہ جماعت ہے، ڈاکٹر ایوب شیخ، علیم الرحمٰن

کراچی۔۔۔23، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے 254 ڈاکٹر ایوب شیخ اور پی ایس 124 کے حق پرست امیدوار علیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی کے علاقے یوسی 6 سیکٹر 32/C میں انتخابی مہم کے سلسلے میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر علاقے کے عوام بڑی تعداد میں موجود تھے۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور ایم کیو ایم نے غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کا صرف نعرہ نہیں لگایا بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے تعلیم یافتہ، ایماندار اور باصلاحیت نوجوانوں کو اسمبلیوں میں بھی بھیجا ہے۔انہوں نے کہا کہ سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا ہونے والے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل حل نہیں کرسکتے اور اپنے بنیادی مسائل کے حل کیلئے عوام کو اپنی صفوں سے ایماندار اور باصلاحیت قیادت منتخب کر کے ایوانوں میں بھیجنی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت نے اپنے محدود وسائل میں جس طرح شہر میں ترقیاتی منصوبے پائے تکمیل تک پہنچائیں اس کی مثال پاکستان کی 60 سالہ تاریخ میں نہیں ملتی۔حق پرست امیدواروں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کے الیکشن میں حق پرستوں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان ''پتنگ'' پر اپنے اعتماد کی مہر ثبت کریں۔

## ایم کیو ایم غریب عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، معین عامر

کراچی۔۔۔23، جنوری 2008ء

ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدوار برائے پی ایس 125 معین عامر پیرزادہ نے بدھ کے روز کورنگی کے علاقے یوسی 8 میں عوامی رابطہ مہم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ترقی وخوشحالی اور امن کا نشان ہے اور عوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ سانحہ لیاقت باغ کے بعد امن دشمن قوتوں اور سماج دشمن عناصر نے سندھ بالخصوص کراچی کا امن تباہ کرنے کی کوشش کی، سندھ بھر میں جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ اور لوٹ مار کی وارداتیں کر کے شہریوں کو بھاری نقصان پہنچایا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایم کیو ایم کے کارکنان اور عوام کو کسی بھی اشتعال انگیزی کے جواب میں پرامن رہنے کی تلقین کی جس کے باعث کراچی کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش ناکام ہوگئی۔انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں سندھ بالخصوص کراچی میں ہونے والی لوٹ مار پر خاموش تماشائی بنی رہیں اور ایم کیو ایم واحد جماعت تھی جس نے جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کی وارداتوں سے متاثرہ عوام کو معاوضہ دلانے کیلئے اعلیٰ سطح پر کوششیں کیں۔معین عامر نے کہا کہ ایم کیو ایم کی عملی کاوشوں سے ملک بھر کے عوام میں واضح ہوچکا ہے کہ ایم کیو ایم غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے دکھ درد میں برابر کی شریک ہے اور ان کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں ایم کیو ایم نامزد حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔قبل ازیں معین عامر پیرزادہ نے کورنگی کے علاقے یوسی 8 سیکٹر 34/3 میں جامعہ مسجد خواجہ محمد قاسم ومدرسہ انوار العلوم تحفیظ القرآن کی انتظامیہ سے ملاقات کی اور انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے سلسلے میں ایم کیو ایم کی کاوشوں سے آگاہ کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ ہرقسم کی دہشت گردی اور مذہبی جنونیت کے خلاف ہے، وسیم اختر، رضا ہارون

کراچی۔۔۔23، جنوری 2008ء

ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے 251 وسیم اختر اور پی ایس 115 محمد رضا ہارون نے کہا ہے کہ خودکش حملے اور بے گناہ شہریوں کا قتل اسلامی تعلیمات کے منافی ہے اور متحدہ قومی موومنٹ ہرقسم کی دہشت گردی اور مذہبی جنونیت کے خلاف ہے۔ان خیالات کا اظہار اپنی انتخابی مہم کے سلسلے میں جٹ لائن کے علاقے یوسی 8، 9 پہاڑی ایریا محمدی گراؤنڈ میں عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر اسلام کی آڑ میں خودکش حملے اور بے گناہ شہریوں کو قتل کرر ہے ہیں وہ اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کرر ہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک سے مذہبی انتہاء پسندی اور مذہبی جنونیت کے خاتمے کیلئے ملک بھر کے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا پڑے گا اور اپنے اتحاد سے انسانیت دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم، ملک میں صحیح معنوں میں جمہوریت کے نفاذ، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور احترام انسانیت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کی عملی خدمت کے جذبے کے تحت ملک بھر سے عام انتخابات میں حصہ لے رہی ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کو حق پرستوں کے انتخابی نشان ''پتنگ'' پر مہر لگا کر حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، انور عالم، صفیان یوسف
## بنگوریہ گوٹھ میں آٹے کی مفت تقسیم کے موقع پر تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔23، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام عزیز آباد کے علاقے بنگھوریہ گوٹھ کے مکینوں میں 10 کلوگرام آٹے کے ہزاروں تھیلے تقسیم کیے گئے۔اس سلسلے میں ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے زیر اہتمام بنگھوریہ گوٹھ میں کیمپ لگایا گیا اور غریب مکینوں میں آٹے کے تھیلے تقسیم کیے گئے۔علاقے کے ہزاروں مکینوں نے ایم کیوایم کی جانب سے فراہم کردہ سہولت سے استفادہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے دعائیں کیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج و پی ایس 106 سے ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار انور عالم اور این اے 246 سے حق پرست امیدوار سفیان یوسف نے علاقے کے مکینوں میں آٹے کے تھیلے تقسیم کیے۔قبل ازیں علاقے کے مکینوں سے خطاب کرتے ہوئے انور عالم اور سفیان یوسف نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور حق پرست عوامی نمائندے عوامی مسائل کے حل کیلئے دن رات مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ گندم کی ذخیرہ اندوزی کرکے ملک بھر کے عوام کو آٹے کی بنیادی سہولت سے محروم کرنے کی سازش کی جارہی ہے اور ایم کیوایم، غریب عوام کی مشکلات کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب تک ملک سے جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کی اجارہ داری ختم نہیں ہوگی اور ملک پر غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی حکمرانی نہیں ہوگی غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل حل نہیں ہونگے۔

☆☆☆☆☆